چھینکنے والے نے الحمدُلِلّٰہ آہستہ کہا تو کیا جواب دینا واجب ہوگا؟

مجیب: مفتی ابو محمد علی اصغر عطاری مَدَنی

تاریخ اجراء: ماہنامہ فیضانِ مدینہ اگست2022ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے کرام اس مسئلہ کے بارے میں کہ بہارِ شریعت میں لکھا ہے کہ اگر چھینکنے والے نے حمد نہیں کی تو جواب نہیں۔ سوال یہ ہے کہ بعض اوقات چھینکنے والا شخص ہلکی آواز میں اَلحمدُ لِلّٰہ کہتا ہے، جس کی آواز حاضرین کو نہیں آتی، اس وجہ سے حاضرین کو معلوم بھی نہیں ہوتا کہ اس چھینکنے والے نے اَلحمدُلِلّٰہ کہا ہے یا نہیں کہا تو کیا اس صورت میں چھینک کا جواب دینا واجب ہو گا؟

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَ الصَّوَابِ

چھینک کا جواب دینا اس وقت واجب ہوتا ہے کہ جب چھینک کے ساتھ ساتھ چھینکنے والے سے حمد (اَلحمدُ لِلّٰہ) بھی سنی جائے، لہٰذا چھینکنے والے نے ہلکی آواز میں اَلحمدُلِلّٰہ کہا اور حاضرین نے نہیں سنا، تو جواب دینا واجب نہیں، البتہ علمائے کرام فرماتے ہیں کہ جب یہ معلوم نہ ہو کہ چھینکنے والے نے حمد کی ہے یا نہیں کی تو پھر یوں مشروط جواب دے دینا چاہیے کہ اگر تو نے حمد کی ہے تو یَرْحَمُكَ الله۔

واضح رہے اگر کوئی شخص بہت سارے لوگوں کی موجودگی میں چھینکا اور اَلحمدُلِلّٰہ کہا، تو سننے والوں میں سے ایک نے بھی جواباً یَرْحَمُكَ الله کہہ دیا تو سب سننے والوں کی طرف سے واجب ادا ہو جائے گا، اب سب کو جواب دینا واجب نہیں۔

بخاری شریف میں موجود حدیثِ پاک کا حصہ ہے: ” فاذا عطس فحمد اللہ فحق علی کل مسلم سمعه ان یشمته “ یعنی کسی کو چھینک آئے اور وہ اس پر اللہ تبارک وتعالیٰ کی حمد کرے تو ہر سننے والے پر واجب ہے کہ وہ اس کا جواب دے۔(بخاری،4/162،حدیث:6223)

لمعات التنقیح میں ہے :" فان لم یحمد لم یستحق الجواب ، وان اخفی بحیث لم یسمعه الحاضر لم یلزمه ایضاً " یعنی اگر چھینکنے والے نے حمد نہیں کی تو جواب کا مستحق نہیں اور اگر اس نے آہستہ حمد کی، حاضر شخص نے نہیں سنی تو بھی جواب لازم نہیں۔(لمعات التنقیح،80/8)

ردالمحتار میں ہے:" اذا عطس رجل ولم یسمع منه تحمید یقول من حضرہ یرحمك اللہ ان کنت حمدت اللہ تعالیٰ "یعنی کوئی چھینکا اور اس سے حمد نہ سنی گئی تو جو موجود ہے وہ یوں جواب دے کہ اگر تو نے حمد کی تو یَرْحَمُكَ اللہ۔(ردالمحتار،684/9)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُه اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net